# Human Body Science Quiz - Urdu

# انسان اور انسانی جسم کی معلومات (سوالاً جواباً)



www.iqbalkalmati.blogspot.com
Join us on whatsap ... BaiG 03149077218

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

# انسان اور انسانی جسم کی معلومات

سوال: انسان کو سائنسی اصطلاح میں کیا کہتے ہیں؟

جواب: ہوموسیپئن اور دوپایہ۔

سوال: علم ٹیکسونومی (جانداروں کی گروہ بندی کا علم) کے مطابق انسان کا تعلق کس جینس سے ہے؟

جواب: ہومو (Homo)

سوال: علم ٹیکسونومی کے مطابق انسان کا تعلق کس فیملی سے ہے؟

جواب: ہومینائیڈی

سوال: علم ٹیکسونومی کے مطابق انسان کا تعلق کس آرڈر سے ہے؟

جواب: پرائی میٹس۔

سوال: علم ٹیکسونومی کے مطابق انسان کا تعلق کس کلاس سے ہے؟

جواب: میملیا۔

سوال: علم ٹیکسونومی کے مطابق انسان کا تعلق کس فائیلم سے ہے؟

جواب: کورڈیٹا۔

سوال: علم ٹیکسونومی کے مطابق انسان کا تعلق کس کنگڈم سے ہے؟

جواب: انیملیا۔

سوال: انسان سے مشابہت رکھنے والے قدیم بن مانس کا سائنسی نام کیا ہے؟

جواب: ہومینائیڈ۔

سوال: ہومینائیڈ کو سب سے پہلے کب اور کس نے دریافت کیا؟

جواب: ہومینائیڈ کو سب سے پہلے 1925ء میں جنوبی افریقہ کے ماہر بشریات "آرتھر ڈارٹ" نے شناخت کیا۔

سوال: آرتھر ڈارٹ نے ہومینائیڈ کو کس طرح شناخت کیا؟

جواب: جنوبی افریقہ میں ایک کان سے ملنے والی کھوپڑی کے ذریعے۔

سوال: اولین انسان سے پہلے انسان نما مخلوق کو سائنسی اصطلاح میں کیا کہتے ہیں؟

جواب: ہومو (Homo)

سوال: سائنس کے مطابق ہومو کب وجود میں آیا تھا؟

Join us on whatsapp Naveed BaiG 03149077218
www.iqbalkalmati.blogspot.com

جواب: بیس لاکھ سال پہلے۔

سوال: آلات واوزار تیار کرنے پر قادر ہوموکا سائنسی نام کیا ہے؟

جواب: ہوموہبی لس (Homo Habilis)۔

سوال: ہوموہبی لس کا مطلب کیا ہے؟

جواب: صلاحیت رکھنے والا انسان۔

سوال: ہوموہبی لس کی قدیم ترین باقیات کب اور کس نے دریافت کی؟

جواب: 1962ء میں "لوئی سیمور بیزٹ لی کی" نے تنزانیہ کے علاقے اولڈوائی گارگ میں۔

سوال: ہوموہبی لس کب ختم ہوا؟

جواب: سولہ لاکھ سال قبل از مسیح میں۔

سوال: ہوموار یکٹس کی باقیات کب اور کس نے دریافت کی؟

جواب: 1894ء میں ڈچ ماہر بشریات "میری یوجین ڈیوبوکس" نے انڈونیشیا کے جزیرے جاوا سے۔

سوال: ہوموار یکٹس کن خصوصیات میں جدید انسان سے مشابہ اور ہوموسے مختلف تھا؟

جواب: ہوموار یکٹس کا قد بعض صورتوں میں چھ فٹ اور وزن ڈیڑھ سو پاؤنڈ تک ہوتا تھا۔

سوال: سائنوتھروپس پیکنینسس کی باقیات کب اور کس نے دریافت کی؟

جواب: سائنوتھروپس پیکنینسس یعنی "پیکنگ کا انسان" کی باقیات 1927ء میں ڈیوڈسن بلیک نے چین کے دارالحکومت بیجنگ میں دریافت کیں۔

سوال: نینڈرتھل نامی ہومی نائیڈ کی باقیات کب اور کہاں دریافت ہوئیں؟

جواب: نینڈرتھل نامی ہومی نائیڈ کی باقیات 1856ء میں سابق مغربی جرمنی کے دریا نینڈر کی وادی سے دریافت ہوئیں۔

سوال: نینڈرتھل کب سے کب تک کرہ ارض پر موجود ہے؟

جواب: دولاکھ سال قبل از مسیح سے تیس ہزار سال قبل از مسیح تک۔

سوال: نینڈرتھل کن خصوصیات کی وجہ سے دوسرے ہومی نائیڈز سے مختلف تھے؟

جواب: نینڈرتھل اپنے مردوں کی لاشیں (Dead Bodies) دفنایا کرتے تھے۔

سوال: ہوموسیپئن یعنی موجودہ انسان کب سے کرہ ارض پر موجود ہے؟

جواب: تیس ہزار سال قبل از مسیح سے۔

سوال: ہوموسیپئن کی بنائی ہوئی تصویریں سب سے پہلے کب اور کہاں دریافت ہوئیں؟

Join us on whatsapp Naveed BaiG 03149077218
www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

جواب: چین کے ماہر آثار قدیمہ مارسلینو ساؤتولا اور اس کی بارہ سالہ بیٹی نے 1879ء میں شمالی چین کے غار "التامیر" سے دریافت کیں۔

سوال: سائنسی اندازے کے مطابق زمین پر زندگی کب پیدا ہوئی؟

جواب: 4 ارب سال پہلے۔

سوال: 4 ارب سال پہلے کے حالات مصنوعی طور پر پیدا کر کے زندگی کے وجود میں آنے کا مطالعہ سب سے پہلے کب اور کس نے کیا؟

جواب: سٹینلے ملر اور ہیرلڈ یورے نے 1953ء میں۔

سوال: یہ تجربہ کس ملک کے کس شہر میں کیا گیا؟

جواب: ریاست ہائے متحدہ امریکہ کے شہر شکاگو میں۔

سوال: جان داروں کے ایسے اعضاء جو کام کے لحاظ سے تو ایک جیسے ہوں لیکن ان کی ساخت مختلف ہو، سائنس دان انہیں کیا کہتے ہیں؟

جواب: انالوگس آرگنز (Analogus Organs)۔

سوال: جانوروں میں خلیہ کب اور کس نے دریافت کیا؟

جواب: جرمنی کے ماہر حیوانیات تھیوڈور شوان (Theodor Schwann) نے 1839ء میں۔

سوال: خلیے میں پروٹوپلازم کب اور کس نے دریافت کیا؟

جواب: جے پرکنجی (J. Pur Kinje) نے 1840ء میں۔

سوال: انسان کے جسم میں کتنے خلیات ہوتے ہیں؟

جواب: ساٹھ (60) کھرب۔

سوال: انسانی جسم کا سب سے بڑا خلیہ کون سا ہوتا ہے اور اس کی جسامت کتنی ہوتی ہے؟

جواب: بیضہ خلیہ جس کی جسامت 0.1 ملی میٹر ہوتی ہے۔

سوال: خون کا سرخ خلیہ کتنی جسامت رکھتا ہے؟

جواب: 7 مائیکرون۔

سوال: ایک مائیکرون کتنا ہوتا ہے؟

جواب: ایک میٹر کا دس لاکھواں حصہ۔

سوال: انسانی جسم میں طویل ترین خلیات کون سے ہیں؟

جواب: حرکی اعصاب (موٹر نیورونز)۔

سوال: حرکی اعصاب کی لمبائی کتنی ہو سکتی ہے؟

Join us on whatsapp Naveed BaiG 0314907721 www.iqbalkalmati.blogspot.com

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

جواب: 4.5 فٹ تک۔

سوال: انسانی جسم سے ہر ایک منٹ میں مردہ خلیات کے جھڑنے کی تعداد کتنی ہے؟

جواب: 30 سے 40 ہزار۔

سوال: انسانی جسم میں نئے خلیات بننے کی مدت کتنی ہے؟

جواب: 27 دن بعد۔

سوال: اوسط انسانی زندگی میں انسان کی جلد کتنی مرتبہ نئی بنتی ہے؟

جواب: 1000 مرتبہ۔

سوال: خون کے سرخ خلیات وجود میں آنے کے بعد کتنی مدت کے اندر ختم ہو جاتے ہیں؟

جواب: 4 ماہ کے اندر۔

سوال: ہر سیکنڈ میں انسانی جسم کے خون میں کتنے نئے خلیات بنتے اور پرانے ختم ہوتے ہیں؟

جواب: ڈیڑھ کروڑ۔

سوال: بالغ انسان میں کل کتنی ہڈیاں ہوتی ہیں؟

جواب: 206۔

سوال: چھوٹے بچے میں کل کتنی ہڈیاں ہوتی ہیں؟

جواب: 300۔ بڑے ہونے پر کچھ ہڈیاں آپس میں جڑ جاتی ہیں۔

سوال: انسانی کھوپڑی میں کتنی ہڈیاں ہوتی ہیں؟

جواب: 22۔

سوال: انسانی کھوپڑی کی ہڈیوں کو کتنے حصوں میں تقسیم کیا جاتا ہے؟

جواب: دو حصوں میں: 1۔ کاسۂ سر کی آٹھ ہڈیاں 2۔ چہرے کی چودہ ہڈیاں۔

سوال: انسانی جسم میں پسلیوں کی تعداد کتنی ہے؟

جواب: 24۔

سوال: انسانی جسم کی سب سے لمبی جوڑ دار ہڈی کون سی ہے؟

جواب: ریڑھ کی ہڈی۔

سوال: ریڑھ کی ہڈی کتنی ہڈیوں سے مل کر بنتی ہے؟

جواب: 33۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218
www.iqbalkalmati.blogspot.com

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

سوال: انسانی جسم میں شانوں کی کتنی ہڈیاں ہوتی ہیں؟

جواب: 2۔

سوال: انسانی ہاتھ میں کتنی ہڈیاں ہوتی ہیں؟

جواب: 32۔

سوال: انسانی کلائی میں کتنی ہڈیاں ہوتی ہیں؟

جواب: 2۔

سوال: انسانی جسم میں ہتھیلی کی کتنی ہڈیاں ہوتی ہیں؟

جواب: 8۔

سوال: انسانی انگلی میں کتنے جوڑ ہوتے ہیں؟

جواب: 3۔

سوال: انسانی انگوٹھے میں کتنے جوڑ ہوتے ہیں؟

جواب: 2۔

سوال: پوری زندگی میں انسان ہاتھوں کے جوڑوں کو کتنی مرتبہ حرکت دیتا ہے؟

جواب: اڑھائی کروڑ مرتبہ۔

سوال: انسانی ٹانگ میں کتنی ہڈیاں ہوتی ہیں؟

جواب: 31۔

سوال: انسان کے ٹخنے اور گھٹنے کے درمیان کتنی ہڈیاں ہوتی ہیں؟

جواب: 2۔

سوال: انسانی جسم میں سب سے بڑی ہڈی کونسی ہے؟

جواب: ران کی ہڈی، جس کی لمبائی 48 سینٹی میٹر تک ہوسکتی ہے

سوال: انسان کے جسم میں سب سے چھوٹی ہڈی کونسی ہے؟

جواب: کان کی ہڈی۔

سوال: انسان کے جسم میں سب سے کمزور ہڈی کونسی ہوتی ہے؟

جواب: ہنسلی کی ہڈی۔

سوال: انسانی نظامِ اعصاب (Nervous System) کتنے حصوں پر مشتمل ہے؟

Join us on whatsapp Naveed BaiG 03149077218
www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

جواب: انسانی نظام اعصاب (Nervous System) تین حصوں پر مشتمل ہے:

1۔ دماغ (Brain)

2۔ حرام مغز (Spinal Cord)

3۔ اعصاب (Nerves)

سوال: انسانی دماغ کتنے حصوں پر مشتمل ہوتا ہے؟

جواب: انسانی دماغ تین حصوں پر مشتمل ہوتا ہے:

1۔ دماغ کا اگلا حصہ (Forebrain)

2۔ دماغ کا درمیانہ حصہ (Midbrain)

3۔ دماغ کا پچھلا حصہ (Hindbrain)

سوال: انسانی دماغ کتنے عصبی خلیوں یا نیورون پر مشتمل ہوتا ہے؟

جواب: 100000000000 (ایک کھرب)۔

سوال: انسانی دماغ کے خلیات کی تعداد کس عمر کو پہنچنے کے بعد کم ہونا شروع ہو جاتی ہے

جواب: 30 سال کے بعد۔

سوال: تیس سال کے بعد انسانی دماغ کے خلیات کس تعداد سے کم ہوتے ہیں؟

جواب: 50,000 خلیات روزانہ کے حساب سے۔

سوال: بالغ مرد کے دماغ کا اوسط وزن کتنا ہوتا ہے؟

جواب: 1.4 کلوگرام۔

سوال: بالغ عورت کے دماغ کا اوسط وزن کتنا ہوتا ہے؟

جواب: 1.25 کلوگرام۔

سوال: اب تک انسان کے دماغ کا زیادہ سے زیادہ کتنا وزن ماپا گیا ہے؟

جواب: 5 پونڈ (2.3 کلوگرام)۔

سوال: انسانی دماغ جسم کے وزن کا کتنے فیصد ہوتا ہے؟

جواب: 2 فیصد۔

سوال: انسانی دماغ کل جسمانی توانائی کا کتنے فیصد استعمال کرتا ہے؟

جواب: 20 فیصد۔

Join us on whatsapp Muhammad Naveed Bajwa 0314-9077218
www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

**سوال:** انسان کا دماغ کتنی بجلی پیدا کرتا ہے؟

جواب: 10 واٹ۔

**سوال:** انسان کا دماغ کتنے فیصد پانی پر مشتمل ہے؟

جواب: 80 فیصد۔

**سوال:** پیدائش کے وقت انسان کا سر پورے جسم کی لمبائی کا کتنے فیصد ہوتا ہے؟

جواب: 25 فیصد۔

**سوال:** بالغ انسان کا سر پورے جسم کی لمبائی کا کتنے فیصد ہوتا ہے؟

جواب: 12.5 فیصد۔

**سوال:** انسانی سر سے پورے جسم کی کتنے فیصد حرارت خارج ہوتی ہے؟

جواب: انسانی جسم کی 40 سے 50 فیصد حرارت سر سے خارج ہوتی ہے۔

**سوال:** اعصاب کی کتنی اقسام ہیں؟

جواب: اعصاب کی دو اقسام ہیں۔

1۔ حسی اعصاب

2۔ حرکی اعصاب

**سوال:** انسان میں تمام حسیات کی نشوونما کا عمل کتنی مدت میں مکمل ہوتا ہے؟

جواب: پیدائش کے بعد پہلے ہی سال میں۔

**سوال:** حسی اعصاب کن اعضاء پر مشتمل ہیں؟

جواب: آنکھ، کان، ناک، زبان اور جلد۔

**سوال:** انسان کی آنکھ میں روشنی محسوس کرنے والے خلیات کی تعداد کتنی ہے؟

جواب: 13 کروڑ 70 لاکھ سے زیادہ۔

**سوال:** پیدائش سے لے کر بالغ ہونے تک انسانی آنکھ کی جسامت کتنی تبدیل ہوتی ہے؟

جواب: پیدائش سے لے کر بالغ ہونے تک انسانی آنکھ کی جسامت یکساں رہتی ہے۔

**سوال:** عضو کے تناسب سے انسان کے کس عضو میں سب سے زیادہ پانی ہوتا ہے؟

جواب: آنکھ میں۔

**سوال:** 20/20 vision کا کیا مطلب ہے؟

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218
www.iqbalkalmati.blogspot.com

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

جواب: اس کا مطلب یہ ہے کہ انسان کی دونوں آنکھیں عام حالات میں 20 فٹ دور تک دیکھ سکتی ہیں۔

سوال: دو یا دو سے زیادہ رنگوں میں فرق نہ کر سکنے کے نقص کو کیا کہتے ہیں؟

جواب: کلر بلائینڈنس (Colour Blindness)۔

سوال: کلر بلائینڈ شخص عموماً کن دو رنگوں میں فرق نہیں کر سکتا؟

جواب: سبز اور سرخ۔

سوال: انسان کے کان کتنے شور سے مکمل طور پر متاثر ہو سکتے ہیں؟

جواب: 100 ڈیسی بل۔

سوال: انسان کے کان کی کرکری ہڈی کی خاصیت کیا ہے؟

جواب: یہ ان چند اعضا میں سے ہے جو پوری زندگی بڑھتے رہتے ہیں۔

سوال: مکمل خاموشی میں انسانی کان گھڑی کی ٹک ٹک کی آواز کتنے فاصلے سے سن سکتا ہے؟

جواب: چھ میٹر (19.68 فٹ)۔

سوال: ایک عام انسان کتنی خوشبوؤں اور بوؤں کی شناخت کر سکتا ہے؟

جواب: دس ہزار کے قریب۔

سوال: انسان کی ناک کسی خوشبو کی کم سے کم کتنی مقدار محسوس کر سکتی ہے؟

جواب: 0.00000000000071 حصے تک۔

سوال: انسان کی ناک ایک دن میں کتنی ہوا پھیپھڑوں تک پہنچاتی ہے؟

جواب: 500 مکعب فٹ۔

سوال: چھونے کے عمل میں احساسات انسانی دماغ تک کس رفتار تک پہنچتے ہیں۔

جواب: 125 میل فی گھنٹہ کی رفتار سے۔

سوال: انسانی اعصاب میں سفر کرنے والے سگنلوں کی رفتار کتنی ہوتی ہے؟

جواب: 350 کلو میٹر فی گھنٹہ۔

سوال: انسان کے جسم میں سب سے کم حس کی اعصابی ریشے کہاں اور کتنے ہوتے ہیں؟

جواب: 5 ریشے آنکھ میں۔

سوال: انسان کے جسم میں سب سے زیادہ حس کی اعصابی ریشے کہاں اور کتنے ہوتے ہیں؟

جواب: 200 ریشے کولہوں میں۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218
www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

سوال: انسان کی جلد پر موجود تکلیف محسوس کرنے والے اعصاب کو کیا کہتے ہیں؟

جواب: نوسی سیپٹرز (Nociceptors)

سوال: انسان کے جسم میں کل پٹھوں کی تعداد کتنی ہے؟

جواب: 640۔

سوال: انسانی پٹھوں کا وزن کل جسم کے وزن کا کتنے فیصد ہوتا ہے؟

جواب: 50 فیصد (نصف)۔

سوال: جسامت کے لحاظ سے سب سے مضبوط پٹھا کون سا ہے؟

جواب: زبان۔

سوال: انسانی جبڑے کسی شے پر زیادہ سے زیادہ کتنی قوت لگا سکتے ہیں؟

جواب: انسانی جبڑے اپنے درمیان دبی ہوئی کسی چیز پر 200 پونڈ (90.8 کلوگرام) تک قوت لگا سکتے ہیں۔

سوال: انسان کے جسم میں سب سے تیز حرکت کرنے والا پٹھا کون سا ہے؟

جواب: پلکوں کو کھولنے اور بند کرنے کا کام انجام دینے والا پٹھا۔

سوال: انسانی جسم کے کس عمل کو انسپائریشن (Inspiration) کہا جاتا ہے؟

جواب: عمل تنفس (Breathing) کے دوران سانس اندر کھینچنے کے عمل کو انسپائریشن (Inspiration) کہا جاتا ہے۔

سوال: انسانی جسم کے کس عمل کو ایکسپائریشن (Expiration) کہا جاتا ہے؟

جواب: سانس باہر نکالنے کے عمل کو ایکسپائریشن کہتے ہیں۔

سوال: ایک انسان 24 گھنٹے میں کتنی مرتبہ سانس لیتا ہے؟

جواب: 25000 مرتبہ۔

سوال: ایک انسان 24 گھنٹے میں کتنی کاربن ڈائی آکسائیڈ خارج کرتا ہے؟

جواب: 2.2 پونڈ (0.99 کلوگرام)

سوال: بالغ انسان کے پھیپھڑوں کا کل رقبہ کتنا ہوتا ہے؟

جواب: 100 مربع میٹر (1076.39 فٹ)۔

سوال: انسانی پھیپھڑے ایک گھنٹے میں کتنی بار سکڑتے اور پھیلتے ہیں؟

جواب: تقریباً ایک ہزار بار۔

سوال: انسان ایک منٹ میں کتنی مرتبہ سانس لیتا ہے؟

Join us on whatsapp Nai... Raic 03149077218
www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

جواب: 18 مرتبہ۔

سوال: انسان کے جسم میں رطوبتوں کا کیمسٹ (Chemist) کسے کہتے ہیں؟

جواب: گردوں (Kidneys) کو۔

سوال: انسان کے جسم میں کتنے گردے ہوتے ہیں؟

جواب: 2۔

سوال: انسانی گردے کا وزن کتنا ہوتا ہے؟

جواب: 125 گرام۔

سوال: انسانی گردے کی ساخت کیسی ہوتی ہے؟

جواب: لوبیے کے بیج جیسی۔

سوال: گردے جس پتلی جھلی میں ملفوف ہوتے ہیں اسے کیا کہتے ہیں؟

جواب: پیریٹونیم (Peritoneum)۔

سوال: انسان کے گردوں میں کتنے نیفرون ہوتے ہیں؟

جواب: تقریباً دس لاکھ۔

سوال: ایک صحت منداور بالغ انسان روزانہ اوسطاً کتنا پانی خرچ کرتا ہے؟

جواب: 3 تا 6 لٹر

سوال: ایک بالغ انسان میں چھوٹی آنت کی لمبائی کتنی ہوتی ہے؟

جواب: 20 فٹ تک۔

سوال: انسان کے جسم سے بہنے والے پسینے کی بو کس وجہ سے ہوتی ہے؟

جواب: اس میں بو جرثوموں (بیکٹیریا) کی وجہ سے ہوتی ہے۔

سوال: مردوں کو عورتوں کے مقابلے میں کتنے فیصد پسینہ زیادہ آتا ہے؟

جواب: 40 فیصد۔

سوال: انسانی نظام انہضام (Digestive System) کتنے حصوں پر مشتمل ہے؟

جواب: انسانی نظام انہضام (Digestive System) سات حصوں پر مشتمل ہے:

1۔ خوراک کی نالی (Alimentry Canal)

2۔ معدہ (Stomach)

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218
www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

3۔ چھوٹی آنت

4۔ جگر(Liver)

5۔ پتا(Gall Bladder)

6۔ لبلبہ(Pancreas)

7۔ بڑی آنت۔

سوال: خوراک کے ہضم کرنے کا عمل کہاں ہوتا ہے؟

جواب: خوراک کی نالی(Alimentry Canal)میں۔

سوال: انسانی خوراک کی نالی کا آغاز کہاں سے ہوتا ہے؟

جواب: منہ سے۔

سوال: منہ کے اندر کیا چیز نشاستہ دار(Carbohydrates)غذا کو نیم ہضم اور ملائم کرتی ہے؟

جواب: تھوک یعنی لعاب(Saliva)۔

سوال: انسان کے منہ میں روزانہ کتنا لعاب پیدا ہوتا ہے؟

جواب: اوسطاً ایک چوتھائی گیلن (1.125 لٹر)

سوال: ایک انسان اوسط زندگی میں کتنے گیلن لعاب پیدا کرتا ہے؟

جواب: 1000 گیلن۔

سوال: انسان کی زبان پر موجود ذائقے کے غدود کی عمر کتنی ہوتی ہے؟

جواب: 7 سے 10 دن۔اس کے بعد نئے غدود پیدا ہوتے ہیں۔

سوال: انسانی معدے کی اندرونی دیواروں پر موجود بلغم نما مادے میوکس(Mucus) کی تہہ کیا کام کرتی ہے؟

جواب: اگر میوکس کی تہہ نہ ہوتی تو انسانی معدہ خود کو ہضم کر جاتا۔

سوال: انسان کے معدے میں خوراک کتنے گھنٹے تک ذخیرہ رہتی ہے؟

جواب: 3 سے 4 گھنٹے۔

سوال: خوراک کو ہضم کرنے میں کیا چیز مدد دیتی ہے؟

جواب: انسانی معدے میں موجود گیسٹرک جوس(Gastric Juice)۔

سوال: انسان کی رطوبت میں کون سا تیزاب پایا جاتا ہے؟

جواب: ہائیڈروکلورک ایسڈ۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218
www.iqbalkalmati.blogspot.com

سوال: انسانی معدے کی رطوبت میں موجود ہائیڈ روکلورک ایسڈ کیا کام کرتا ہے؟

جواب: خوراک میں موجود جراثیم کا خاتمہ اور تیزابیت پیدا کرتا ہے۔

سوال: خوراک میں موجود پروٹین کو ہضم کرنے والے خامرے (انزائیم) کا نام کیا ہے؟

جواب: پیپسن (Pepsin)۔

سوال: خوراک کی چکنائی کو کونسی چیز ہضم کرتی ہے؟

جواب: پتے (Gall Bladder) کی رطوبت صفرا (Bile)۔

سوال: پتے کی رطوبت صفرا کی رنگت کیسی ہوتی ہے؟

جواب: سبزی مائل اور زرد۔

سوال: کیا چیز خوراک کو مکمل طور پر ہضم کر دیتی ہے؟

جواب: لبلبہ (Pancreas) کی رطوبت پینکریاٹک جوس (Pancreatic Juice)۔

سوال: کسی بھی خوراک کو مکمل طور پر ہضم ہو کر جسم کا حصہ بننے میں کتنا وقت لگتا ہے؟

جواب: تقریباً 12 گھنٹے۔

سوال: انسان خوراک کے بغیر کتنے دن زندہ رہ سکتا ہے؟

جواب: 10 دن۔

سوال: انسانی جسم میں چکنائی کی مقدار کتنی ہوتی ہے؟

جواب: انسان میں موجود چکنائی کی مقدار اتنی ہوتی ہے کہ اس سے صابن کی سات ٹکیاں بنائی جا سکتی ہیں۔

سوال: انسانی آواز کس طرح پیدا ہوتی ہے؟

جواب: انسان کے گلے میں ایک عضو لیرنکس (Larynx) ہوتا ہے۔ یہ آواز پیدا کرتا ہے۔ اس میں دو "ووکل کورڈز" (Vocal Chords) ہوتے ہیں۔ جب ہوا ان ووکل کورڈز میں سے گزرتی ہے تو ان میں ارتعاش پیدا ہوتا ہے، جسے آواز (Sound) کہتے ہیں۔

سوال: انسان کے جسم میں کون کون سے تابکار عناصر پائے جاتے ہیں؟

جواب: کاربن اور پوٹاشیم۔

سوال: انسان لگاتار کتنے گھنٹے جاگ سکتا ہے؟

جواب: 36 گھنٹے۔

سوال: ایک انسان کا 36 گھنٹے سے زیادہ جاگنے کا کیا نتیجہ ہو سکتا ہے؟

Join us on whatsapp Naveed Baloch 03...7218
www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

جواب: انسان کی موت واقع ہوسکتی ہے۔

سوال: انسان کے جسم میں سب سے زیادہ تیزی سے کونسا حصہ بڑھتا ہے؟

جواب: انسان کے بال۔

سوال: عام انسان کے سر پر کتنے بال ہوتے ہیں؟

جواب: تقریباً ایک لاکھ۔

سوال: انسان کے سر کے بال سالانہ کس رفتار سے بڑھتے ہیں؟

جواب: 5 انچ (12.7 سینٹی میٹر)۔

سوال: انسان میں کروموسومز کی تعداد کتنی ہوتی ہے؟

جواب: 46۔

سوال: انسانی ڈی این اے کے کتنے فیصد حصے پر جینز موجود ہوتے ہیں؟

جواب: صرف 3 فیصد حصے پہ۔

سوال: جینز سے خالی ڈی این اے کے حصے کو کیا کہتے ہیں؟

جواب: جنک ڈی این اے۔

سوال: انسانی بچے ہو بہو اپنے ماں باپ جیسے نہیں ہوتے اس کی کیا وجہ ہے؟

جواب: اس کی وجہ یہ ہوتی ہے کہ جینز کی آدھی تعداد ماں سے اور باقی آدھی باپ سے منتقل ہوتی ہے۔

سوال: کیا ہم شکل جڑواں بچوں کی ہاتھوں کی لکیریں ایک جیسی ہوتی ہیں؟

جواب: نہیں۔

سوال: کیا جڑواں انسانوں کا آئی کیو مختلف ہوتا ہے؟

جواب: جڑواں انسانوں کا آئی کیو یکساں ہوتا ہے۔

سوال: انسان کے جسم کا طاقت ور ترین عضو کون سا ہے؟

جواب: دل۔

سوال: انسان کے دل کی جسامت کتنی ہوتی ہے؟

جواب: بند انسانی مٹھی کے برابر۔

سوال: انسان کے دل کے چار خانوں کے نام کیا ہیں؟

جواب: دایاں اذن (Auricles)، بایاں اذن (Auricles)، دایاں بطن (Ventricle)، بایاں بطن (Ventricle)۔

Join us on whatsapp Naveed Raio 03149077218
www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

سوال: انسانی دل میں والوز (Valves) کا کیا کام ہے؟

جواب: آریکلز اور وینٹریکلز کے درمیان خون کے یک طرفہ بہاؤ کو یقینی بناتے ہیں۔

سوال: شدید ورزش کی صورت میں انسان کا دل ایک منٹ میں کتنی مرتبہ دھڑک سکتا ہے؟

جواب: 200 مرتبہ۔

سوال: انسانی دل کا وزن کتنا ہوتا ہے؟

جواب: تقریباً 250 گرام (8 سے 10 اونس)۔

سوال: انسان کے دل میں کتنے پمپ ہوتے ہیں؟

جواب: 2۔

سوال: انسانی دل کے دو پمپ کیا کام کرتے ہیں؟

جواب: ایک پمپ خون کو پھیپھڑوں میں بھیجتا ہے تاکہ وہاں سے آکسیجن جذب کر سکے اور دوسرا پمپ اس صاف خون کو سارے جسم میں بھیجتا ہے۔

سوال: انسانی دل ایک دن میں کتنے گیلن خون پمپ کرتا ہے؟

جواب: 1000 سے 1500 گیلن تک۔

سوال: ایک انسان کا دل اوسط زندگی میں کتنا خون پمپ کرتا ہے؟

جواب: 3 لاکھ ٹن۔

سوال: کیا انسانی دل اپنی بجلی خود پیدا کرتا ہے؟

جواب: جی ہاں۔

سوال: اگر ایک انسان 70 سال زندہ رہے تو دل کتنی مرتبہ دھڑکتا ہے؟

جواب: 3 ارب مرتبہ۔

سوال: خون کا ایک خلیہ انسانی جسم کا چکر مکمل کرنے میں اوسطاً کتنا وقت لگاتا ہے؟

جواب: 1 منٹ (60 سیکنڈ)۔

سوال: ایک بالغ انسان کے جسم میں کتنا خون ہوتا ہے؟

جواب: 5 لیٹر تک۔

سوال: اگر انسان کے جسم سے 750 ملی لیٹر خون نکل جائے تو اس کا نتیجہ کیا ہوتا ہے؟

جواب: محض ہلکی سی کمزوری محسوس ہوتی ہے۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218
www.iqbalkalmati.blogspot.com

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

سوال: اگر انسان کے جسم سے 1.5 لیٹر خون نکل جائے تو اس کا نتیجہ کیا ہوتا ہے؟

جواب: کمزوری کے ساتھ بے چینی، پیاس اور سانس کی تیزی جیسی علامات ظاہر ہونے لگتی ہیں۔

سوال: اگر انسان کے جسم سے 2 لیٹر خون نکل جائے تو اس کا نتیجہ کیا ہوتا ہے؟

جواب: 2 لیٹر خون نکل جانے کی صورت میں متاثرہ شخص کو متلی، چکر اور ذہنی انتشار محسوس ہوتا ہے اور بالآخر مد ہوشی طاری ہو جاتی ہے۔

سوال: خون انسانی جسم کے وزن کا کتنے فیصد ہوتا ہے؟

جواب: 8 فیصد۔

سوال: انسان کا دل ایک دھڑکن کے دوران خون کی کتنی مقدار پمپ کرتا ہے؟

جواب: 210 ملی لیٹر۔

سوال: انسان کی شریانوں میں کتنا خون ہوتا ہے؟

جواب: 1250 ملی لیٹر۔

سوال: انسان کی وریدوں میں کتنا خون ہوتا ہے؟

جواب: 3500 ملی لیٹر۔

سوال: کیپی لیریز (Capillaries) کسے کہتے ہیں؟

جواب: وریدوں کے آغاز اور شریانوں کے اختتام کے درمیان خون کی بیحد باریک خوردبینی وریدوں کا نام ہے۔

سوال: انسانی جسم کی کیپی لیریز (Capillaries) میں کتنا خون ہوتا ہے؟

جواب: 250 ملی لیٹر۔

سوال: انسان کے جسم میں موجود خون کی چھوٹی بڑی نالیوں کی مجموعی لمبائی کتنی ہوتی ہے؟

جواب: 97000 کلومیٹر (60000 میل)۔

سوال: انسان کے جسم میں موجود خون کی نالیوں کی تعداد کتنی ہے؟

جواب: 25 کھرب۔

سوال: پیدائش کے وقت انسانی بچے کی نبض کی اوسط رفتار کتنی ہوتی ہے؟

جواب: 120 فی منٹ۔

سوال: ایک سال کی عمر میں انسانی بچے کی نبض کی اوسط رفتار کتنی ہوتی ہے؟

جواب: 115 فی منٹ۔

سوال: دو سال کی عمر میں انسانی بچے کی نبض کی اوسط رفتار کتنی ہوتی ہے؟

Join us on whatsapp Naveed RajG 03149077218
www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

جواب: 110 فی منٹ۔

سوال: چار سال کی عمر میں انسانی بچے کی نبض کی اوسط رفتار کتنی ہوتی ہے؟

جواب: 100 فی منٹ۔

سوال: چھ سال کی عمر میں انسانی بچے کی نبض کی اوسط رفتار کتنی ہوتی ہے؟

جواب: 100 فی منٹ۔

سوال: آٹھ سال کی عمر میں انسانی بچے کی نبض کی اوسط رفتار کتنی ہوتی ہے؟

جواب: 90 فی منٹ۔

سوال: دس سال کی عمر میں انسانی بچے کی نبض کی اوسط رفتار کتنی ہوتی ہے؟

جواب: 90 فی منٹ۔

سوال: بالغ انسان کی نبض کی اوسط رفتار کتنی ہوتی ہے؟

جواب: 75 فی منٹ۔

سوال: انسانی ناخن ایک سال میں کتنے بڑھتے ہیں؟

جواب: 2 سینٹی میٹر۔

سوال: پیروں اور ہاتھوں میں سے نسبتاً کس کے ناخن تیزی سے بڑھتے ہیں؟

جواب: ہاتھوں کے۔

سوال: انسان کے جسم کا 90 فیصد حصہ کن چار عناصر پر مشتمل ہے؟

جواب: کاربن، نائٹروجن، آکسیجن اور ہائیڈروجن۔

سوال: ایک صحت مند انسانی جسم میں ہیموگلوبن سالمات کی تعداد کتنی ہوتی ہے؟

جواب: 60000 ارب۔

سوال: انسانی جگر کتنے افعال سرانجام دیتا ہے۔

جواب: 500 سے زیادہ۔

سوال: انسان کے جسم کا وہ واحد حصہ کون سا ہے جو اپنی مرمت آپ نہیں کرسکتا؟

جواب: دانت۔

سوال: انسانی بال کس موسم میں تیزی سے بڑھتے ہیں؟

جواب: گرمیوں کے موسم میں۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 0314-9077218
www.iqbalkalmati.blogspot.com

سوال: انسان کے مرنے کے بعد کون سے اعضاء سب سے آخر میں ختم ہوتے ہیں؟

جواب: ناخن اور بال۔

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

Join us on whatsapp Naveed BaiG 03149077218

www.iqbalkalmati.blogspot.com